صادق پبلک سکول

☆عمل صالح کرو اور کسی سے نہ ڈرو☆

4 ستمبر 2020ء

محترم والدین (اقامتی طلبا)۔ السلام علیکم!

ان شاءاللہ۔صادق پبلک سکول 15 ستمبر 2020ء کو دوبارہ کھل جائے گا۔(حکومت کے اعلان سے مشروط)۔

آپ کو اطلاع دی جاتی ہے کہ سکول کی سینئر انتظامیہ نے کئی ہفتے پہلے سکول کے دوبارہ کھلنے کی تیاری شروع کر دی تھی۔ طبی ماہرین کے مشورے، پاکستان اور دنیا بھر کے دوسرے سکولوں کا جائزہ لینے اور پنجاب کے وزیرِ تعلیم کے ساتھ آن لائن میٹنگ کے بعد ہم نے سکول دوبارہ کھولنے کے لیے تفصیلی ضابطہ ہائے کار (ایس او پیز) تیار کیے ہیں۔ یہ ضابطہ ہائے کار سکول کی ویب سائیٹ پر انگریزی اور اردو میں تفصیلاً موجود ہیں۔

ذیل میں ان ضابطہ ہائے کار کا مختصراً جائزہ خاص طور پر اقامتی طلبا کے لیے دیا جارہا ہے۔

☆سکول آنے والے تمام طلبا کو ایک معمولی طبی معائنے سے گزرنا ہو گا۔(درجہ حرارت اور ظاہری علامات) اور یہی معائنہ تمام اقامتی طلبا کا ہو گا، جب وہ سکول واپس آئیں گے اور جب وہ روزانہ بورڈنگ ہاؤس سے سکول جائیں گے۔

☆پی-6 کے طلبا کمال پاشا ہاوس کے ایئر کنڈیشنڈ پریپ روم میں رہیں گے جن کی دیکھ بھال ہاؤس مسٹریس کی نگرانی میں ایجوٹنٹ کے ذمہ ہو گی۔

☆اقامتی طلبا پوری ٹرم کے دوران سکول میں رہیں گے۔اس دوران کوئی چھٹی نہیں دی جائے گی۔

☆کسی بھی آنے والے ملاقاتی کو سکول کیمپس آنے کی اجازت نہیں ہو گی۔ ہر قسم کا رابطہ ٹیلی فون، ای میل یا تحریری درخواست کے ذریعے کیا جائے گا۔(والدین سکول درزی کی دکان پر آسکیں گے جیسا کہ یہ طلبا اور تدریسی جگہ سے الگ ہے)۔

☆ ہر کلاس میں اقامتی طلبا کی تعداد کو تقریباً نصف کر دیا جائے گا۔یعنی صبح کے اوقات یا سہ پہر کے اوقات کے مطابق (تمام اقامتی طلبا سہ پہر کے سیشن میں کلاسوں میں حاضر ہوں گے تاکہ کچھ زیادہ دیر تک آرام کر سکیں، کچھ کھا پی سکیں اور سکول آنے سے پہلے 50 منٹ کی پریپ لے سکیں)۔

☆تمام طلبا سماجی فاصلہ برقرار رکھیں گے۔ جیسا کہ ڈیسکوں اور بستروں کے درمیان مناسب فاصلہ۔ کھانے کی میز پر درمیانی فاصلہ بڑھا دیا گیا ہے۔ کھانا دو شفٹوں میں کھلایا جائے گا۔ ایسے کھیلوں / سرگرمیوں پر پابندی ہو گی جن میں سماجی فاصلہ برقرار نہ رکھا جاسکتا ہو۔ جہاں سماجی فاصلہ برقرار رکھنا مشکل ہو، وہاں فیس ماسک پہننا ضروری ہو گا۔ تمام طلبا اپنی جیب میں کم از کم 2 فیس ماسک ضرور رکھیں گے۔ سماجی فاصلہ برقرار رکھنے کی خاطر ڈائننگ ہال میں کھانا دو شفٹوں میں فراہم کیا جائے گا۔

☆تمام کلاس رومز، دفاتر، سکول کے تمام سیکشنز اور اقامت گاہوں کے داخلی راستوں پر ہینڈ سینی ٹائزرز موجود ہوں گے۔ ہینڈ سینیٹائیزر کی چھوٹی بوتل جنرل سٹور پر فروخت کے لیے موجود ہو گی۔

☆ایسے اقامتی طلبا جن میں کوئی علامت ظاہر ہو گی، ان کو فوراً دوسرے طلبا سے الگ کر دیا جائے گا اور ان کا ٹیسٹ کرایا جائے گا۔ نتیجہ مثبت آنے کی صورت میں وہ طالب علم علیحدگی میں رہے گا اور سینئر میڈیکل آفیسر مرض کی شدت / علامات کو مدنظر رکھتے ہوئے فیصلہ کرے گا۔اس سلسلے میں والدین کو فوری طور پر مطلع کر دیا جائے گا۔

جو والدین اپنے بچوں کو سکول نہیں بھیجنا چاہتے، انہیں اس کا اختیار ہے۔ لیکن غیر حاضر طلبا کا ہمارے پاس کوئی متبادل انتظام نہیں ہو گا۔ اگر (ویب سائیٹ پر ضابطہ ہائے کار کو پڑھنے کے بعد) آپ کو سکول کے دوبارہ کھلنے کے حوالے سے کچھ معلومات درکار ہوں تو آپ مجھے ای میل کر سکتے ہیں۔

آپ کا مخلص

مسٹر پیٹر گڈنز

پرنسپل

principal@sps.edu.pk